# 19-06-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ گورنر اور وزیر اعلیٰ نے ایل بی اسٹیڈیم میں ینگ انڈیا ایجوکیشن کٹ پہل کا آغاز کیا۔

۲۔ کشن ریڈی نے کہا کہ مرکزی حکومت ہمیشہ تلنگانہ کی ترقی کی خواہاں ہیں۔ اسی لئے حیدر آباد کو میگا بلٹ ٹرین کوریڈور کیلئے منتخب کیا۔

۳۔ تلنگانہ میں دھان کی خریداری کیلئے حکومت نے مزید 20 اضلاع میں مراکز میں اضافہ کا فیصلہ کیا ہے۔

اور

۴۔ وزارتِ دفاع نے موسیٰ ریور فرنٹ ڈیولپمنٹ پروجیکٹ کی باضابطہ منظوری دے دی ہے۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے راجناتھ سنگھ کا شکریہ ادا کیا۔

PM_VISIT:

وزیر اعظم نریندر مودی نے فرانس اور سلوواکیہ کے اپنے کامیاب دو ملکی دورہ کا اختتام کر لیا ہے۔ فرانس کے دورہ کے دوران انہوں نے اے ویان میں منعقدہ جی 7 سربراہی اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس کے موقع پر وزیر اعظم نے امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ، جرمنی کے چانسلر فریڈرش مرز، برطانیہ کے وزیر اعظم کیئر اسٹارمر اور متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زائد النہیان سمیت کئی عالمی رہنماؤں سے دو طرفہ ملاقاتیں کیں۔ اس سے قبل وزیر اعظم مودی اور فرانس کے صدر ایمانوئل میکرون نے فرانس کے شہر نائس میں 'بھارت اِنو ویٹس' پروگرام کا مشترکہ افتتاح کیا، جس میں بھارت، فرانس اور دیگر ممالک کے سرکردہ اسٹارٹ اپس، اِنو ویٹرس اور وینچر کیپیٹل فنڈس نے شرکت کی۔

NSD

MyGovIndia

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ آج دنیا بھارت کے ساتھ روابط استوار کر رہی ہے اور ملک میں سرمایہ کاری کر رہی ہے۔ MYGOVINDIA کی ایک سوشل میڈیا پوسٹ کو شیئر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہندوستان ایک بہتر دنیا کی تعمیر میں اپنا ہر ممکن تعاون دینے کے لئے ہمیشہ تیار ہے۔ وزیراعظم نے 140 کروڑ ہندوستانی شہریوں کا شکریہ ادا کیا جن کی بدولت ہندوستان عالمی سطح پر زیادہ موثر انداز میں اپنی شراکت داری کو آگے بڑھا رہا ہے۔

NSD

IAF- YOGA

ہندوستانی فضائیہ بین الاقوامی یومِ یوگا کے موقع پر ملک بھر میں یوگا سیشنس کا انعقاد کرے گی۔ وزارتِ دفاع کے مطابق یہ پروگرام شمال میں لیہہ کے بلند پہاڑوں سے لے کر جنوب میں کار نیکوبار کے ساحلوں تک اور مشرق میں توانگ سے مغرب میں مقدس شہر دوارکا تک منعقد کئے جائیں گے۔ وزارت نے بتایا کہ فضائیہ کے اہلکاروں اور ان کے خاندانوں کے علاوہ اسکولی طلبہ اور این سی سی کیڈٹس بھی مختلف فضائیہ اسٹیشنوں پر منعقد ہونے والے یوگا پروگراموں میں حصہ لیں گے۔

NSD

ALLU ARJUN

نامپلی عدالت نے سندھیا تھیٹر واقعہ کے سلسلہ میں اداکار الّو ارجن کو سمن جاری کرتے ہوئے پیر کے روز عدالت میں حاضر ہونے کی ہدایت دی ہے۔ چکڑ پلی پولیس نے اس مقدمہ میں انہیں گیارھویں ملزم کے طور پر نامزد کیا ہے۔ دیگر ملزمین میں تھیٹر انتظامیہ کے افراد شامل ہیں۔ اب تک اس معاملہ میں 19 افراد کو سمن جاری کئے جا چکے ہیں۔

PTC/HYD

MUSI

وزارتِ دفاع نے موسیٰ ریورفرنٹ ڈیولپمنٹ پروجیکٹ کی باضابطہ منظوری دے دی ہے جس سے موسیٰ ندی کی بحالی کے منصوبہ کو ایک بڑی پیش رفت حاصل ہوئی ہے۔ مرکزی حکومت نے توپ خانہ مرکز گولکنڈہ کے تحت آنے والی 83.818 ایکڑ اراضی، جس کی مالیت 2533.42 کروڑ روپے ہے پر واقع باپو گھاٹ کو ''گاندھی سرووَر'' کے طور پر ترقی دینے کی اجازت دے دی ہے۔ اس منظوری کے بعد تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے مرکزی وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ اور فوج کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے موسیٰ ندی کے سنگم پر اس باوقار منصوبہ کے لئے ریاستی حکومت کو اجازت فراہم کی۔

PTC/HYD

SAJJANAR

حیدرآباد کے پولیس کمشنر وی سی سجنار نے واضح کیا ہے کہ کم عمر بچوں کی ڈرائیونگ کسی بھی صورت میں برداشت نہیں کی جائے گی۔ تعلیمی اداروں کی انتظامیہ کے ساتھ منعقدہ ٹریفک بیداری اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے اسکولوں پر زور دیا کہ نابالغ طلبہ کی ڈرائیونگ کے خلاف ڈی میریٹ پوائنٹ نظام نافذ کیا جائے اور طلبہ کی نقل وحمل پر کڑی نظر رکھی جائے۔ انہوں نے حالیہ شراب نوشی کے بعد ڈرائیونگ کے واقعات کے تناظر میں اسکولوں کو بس ڈرائیوروں کی نگرانی کرنے کی بھی ہدایت دی۔ سجنار نے کہا کہ اسکول انتظامیہ اپنے احاطہ سے باہر پیش آنے والے حادثات کی ذمہ داری سے بری الذمہ نہیں ہوسکتی۔ اجلاس میں جی ایچ ایم سی کمشنر آر وی کرنن اور محکمہ ٹرانسپورٹ کے افسران بھی شریک تھے۔

PTC/HYD

UTTAM

وزیر سیول سپلائز اتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت اناج ذخیرہ کرنے کے نظام کو جدید بنانے کے لئے 20 بڑے دھان پیدا کرنے والے اضلاع میں جدید اناج ذخیرہ کرنے کے مراکز قائم کرنے پر غور کر رہی ہے۔ ذخیرہ اور نقل و حمل کے ماہرین کے ساتھ جائزہ اجلاس کے دوران انہوں نے بتایا کہ ابتدائی مرحلہ میں 50 ہزار میٹرک ٹن گنجائش کے حامل مراکز کے نیٹ ورک کی تعمیر کا منصوبہ ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ یہ مراکز موجودہ خریداری سنٹرس جیسے سیلف ہیلپ گروپس اور کوآپریٹو سوسائٹیز، کی جگہ نہیں لیں گے بلکہ ان کی تکمیل کریں گے۔

PTC/HYD

BHADRADRI

بھدراچلم کوتہ گوڑم آئی ٹی ڈی اے کے پروجیکٹ آفیسر اور پینا پا کہ حلقہ انتخاب کے الیکشن آفیسر پی راہول نے ہدایت دی ہے کہ بوتھ لیول افسران ورسوپروائزرس 25 جون سے اشواپورم منڈل میں شروع ہونے والے ووٹر رجسٹریشن عمل کے لئے خاندانوں کی تفصیلات درست طریقہ سے درج کریں۔ ایک تربیتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے متعلقہ اہلکاروں کو ہدایت دی کہ وہ اہل ووٹروں سے ملاقات کریں، مردم شماری فارم تقسیم کریں اور 24 جولائی تک انہیں واپس جمع کریں۔ انہوں نے زور دیا کہ تمام معلومات حقائق پر مبنی اور غلطیوں سے پاک ہونی چاہئیں جبکہ سوپروائزرس کو گھر گھر سروے کے عمل کی کڑی نگرانی کرنے کی ہدایت دی گئی۔

PTC/B.KGM

VAKITI SRIHARI

وزیر واکیٹی سری ہری نے کہا ہے کہ ووٹ دینا ہر شہری کا آئینی حق اور جمہوری ذمہ داری ہے۔ مکتھل میں خصوصی جامع نظرثانی عمل کے سلسلہ میں کانگریس کے بوتھ سطحی ایجنٹوں کے لئے منعقدہ بیداری پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے پارٹی کارکنوں پر زور دیا کہ وہ 25 جون سے 24 جولائی تک جاری رہنے والی ووٹر فہرست نظرثانی مہم کے دوران پوری طرح چوکس رہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایجنٹ اس بات کو یقینی بنائیں کہ اہلیت کے فارم ہر ووٹر تک پہنچیں خصوصاً ان الزامات کے پیش نظر کہ مکتھل میں بڑی تعداد میں ووٹ غیر قانونی طور پر حذف کرنے کی کوششیں کی جارہی ہیں۔

STRINGER/MBBN

VARTALAP

پریس انفارمیشن بیورو (پی آئی بی) نے محبوب نگر میں 'وارتالاپ' کے عنوان سے ایک میڈیا ورکشاپ کا انعقاد کیا۔ اس ورکشاپ کا مقصد دیہی اور ضلعی سطح کے صحافیوں کو گزشتہ 12 برسوں کے دوران مرکزی حکومت کی فلاحی اسکیموں اور ترقیاتی اقدامات سے آگاہ کرنا تھا۔ پی آئی بی کی میڈیا اور کمیونی کیشن افسر وی گایتری نے عوام تک درست اور مستند معلومات پہنچانے میں میڈیا کے اہم کردار کو اجاگر کیا۔ ورکشاپ میں مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے صحافت میں استعمال پر ماہرین کا خصوصی سیشن بھی منعقد ہوا جس میں خبر جمع کرنے، اعداد وشمار کے تجزیہ، حقائق کی جانچ اور ڈیجیٹل مواد کی تیاری جیسے موضوعات پر روشنی ڈالی گئی۔

PTC/MBBN

MEDAK

میدک کے ضلع کلکٹر نے اعلان کیا ہے کہ 21 جون کو دوپہر 2 بجے سے شام 5 بج کر 15 منٹ تک منعقد ہونے والے نیٹ یو جی 2026 امتحان کے پرامن، شفاف اور ہموار انعقاد کے لئے تمام انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔ ضلع کے واحد امتحانی مرکز، گورنمنٹ ڈگری کالج میدک میں 481 امیدوار امتحان دیں گے۔ متعلقہ محکمے کسی بھی ناخوشگوار واقعہ کی روک تھام کے لئے باہمی تعاون سے کام کر رہے ہیں جبکہ امیدواروں کو نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی کی جانب سے جاری کردہ تمام ہدایات پر سختی سے عمل کرنا ہوگا۔

PTC/MDK

RAMCHANDER RAO

تلنگانہ بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے حیدرآباد کے ناگول میں الیکشن کمیشن کے خصوصی جامع نظر ثانی عمل ایس آئی آر کے سلسلہ میں ایک ورکشاپ سے خطاب کیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ ایس آئی آر ووٹر فہرستوں کو صاف اور درست بنانے کے لئے ایک آئینی عمل ہے نہ کہ بھارتیہ جنتا پارٹی کا کوئی اقدام۔ انہوں نے کہا کہ آزادی کے بعد اب تک یہ عمل 11 مرتبہ انجام دیا جا چکا ہے۔ رام چندر راؤ نے کانگریس، بی آر ایس اور ایم آئی ایم جیسی اپوزیشن جماعتوں کی جانب سے یہ دعویٰ کئے جانے کی مذمت کی کہ مسلم ووٹروں کو نشانہ بنایا جائے گا۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ صرف فرضی، دہرے اندراج والے، فوت شدہ یا غیر قانونی تارکین وطن کے ووٹ ہی حذف کئے جائیں گے۔ انہوں نے پارٹی کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ گھر گھر جا کر مستحق ووٹروں کی مدد کریں اور گمراہ کن پروپیگنڈہ کا موثر جواب دیں۔

PTC/HYD

KISHAN:

مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے کندکور منڈل میں سڑکوں کے سنگ بنیاد رکھنے کے بعد تیماپور راملیم میں منعقدہ 25 ویں سالانہ برہموتسوم تقریب میں شرکت کی۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ علاقہ میں سڑک رابطہ کاری کو بہتر بنانے کے لیے مرکزی حکومت کے 87 کروڑ روپے خرچ کئے جا رہے ہیں۔ کشن ریڈی نے مزید بتایا کہ انہوں نے ریاستی وزیر کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی سے زیر التوا ٹھیکیداروں کی ادائیگیوں کے مسئلہ کو حل کرنے کی درخواست کی ہے۔ کشن ریڈی نے بڑے نقل وحمل کے منصوبوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ حیدرآباد کو ملک کے مجوزہ سات بلیٹ ٹرین راہداریوں میں سے تین ممبئی، بنگلورو اور چنئی سے جوڑا جائے گا جن پر تقریباً 10 لاکھ کروڑ روپے کی لاگت آئے گی۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ ریجنل رنگ روڈ منصوبہ کے لئے اراضی کے حصول کا عمل تیزی سے جاری ہے۔

PTC/RR

PM

وزیراعظم نریندر مودی 20 جون کو اڈیشہ کے لکھن پور میں 25 ہزار 16 کروڑ روپے مالیت کے کوئلہ گیسیفکیشن منصوبہ کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ اس منصوبہ کا مقصد ہندوستان کی توانائی سلامتی کو مضبوط بنانا، صنعتی خود کفالت کو فروغ دینا اور درآمدات پر انحصار کم کرنا ہے۔ اس منصوبہ کے تحت کوئلے کو Syngas میں تبدیل کیا جائے گا جو میتھانول، یوریا، امونیم نائٹریٹ اور مصنوعی قدرتی گیس کی تیاری کے لئے ایک اہم خام مال ہے۔ ملکی کوئلہ کے ذخائر سے بہتر استفادہ اور کیمیائی صنعتوں کی ترقی کے ذریعہ یہ منصوبہ اقتصادی نمو کو تقویت دینے کے ساتھ ساتھ قومی مالیاتی اور توانائی استحکام کو بھی مضبوط بنائے گا۔

DESK

AIRPORT

جی ایم آر حیدرآباد انٹرنیشنل ایرپورٹ لمیٹڈ نے اعلان کیا ہے کہ راجیو گاندھی انٹرنیشنل ایرپورٹ کو ایرپورٹس کونسل انٹرنیشنل ورلڈ کی جانب سے ''ایکسیسبیلٹی انہانسمنٹ ایکریڈیٹیشن لیول 2'' کا اعزاز حاصل ہوا ہے۔ یہ اعتراف اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ ایرپورڈ محدود جسمانی صلاحیت رکھنے والے مسافروں کے لئے باوقار، آسان اور جامع سفری سہولیات فراہم کرنے کے اپنے عزم پر مسلسل کاربند ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر کے کادی راون نے کہا کہ رسائی اور سہولت ہر مسافر کے لئے مساوی سفری تجربہ فراہم کرنے کا بنیادی جز ہے۔ انھوں نے اس کامیابی کو ممکن بنانے میں تمام متعلقہ فریقین کے تعاون پر شکریہ ادا کیا۔

PTC/HYD

CM

تلنگانہ حکومت نے سال 27-2026ء کے تعلیمی سال کے اپنے وعدہ کو پورا کرتے ہوئے ایل بی اسٹیڈیم میں ینگ انڈیا ایجوکیشن کٹ پہل کا آغاز کیا۔ گورنر شیو اپرتاپ شکلا اور وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے تقریباً 15 ہزار فلاحی و سرکاری اسکول کے طلبہ میں کٹس کی تقسیم کی۔ اس موقع پر گورنر نے طلبہ کو تعلیمی اداروں کو منشیات سے پاک رکھنے کا حلف دلایا۔

Desk

○○